**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2012**

**Islamiyat Paper I**

**Time allowed: 30 minutes Marks 20**

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 6

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کے وصال کے بعد رسول اللہ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کی ازواج مطہرات کے بارے میں کس عمل کو ایک بڑا گناہ قرار دیا ہے؟

A۔ اُن کو کام کی زحمت دینا۔

B۔ اُن کو وقتاً فوقتاً پریشان کرنا۔

C۔ اُن سے اشیا طلب کرنا۔

D۔ اُن سے نکاح کرنا۔

2۔ (سورۃ الاحزاب آیت نمبر 4)

وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِی السَّبِيْلَ

يَهْدِی السَّبِيْلَ کے کیا معنی ہیں؟

A۔ سیدھا راستہ دکھانا

B۔ سیدھ میں چلنا

C۔ سیدھی بات کرنا

D۔ پانی کی سبیل سیدھی لگانا

3۔ (سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 43)

هُوَ الَّذِیْ يُصَلِّیْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

”وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے آئیں۔“

اِس آیت میں ’اندھیروں سے روشنی کی طرف لانے‘ سے کیا مراد ہے؟

A۔ مغفرت کے لیے تیار کرنا

B۔ عافیت کا راستہ دِکھانا

C۔ ہدایت کی طرف گامزن کرنا

D۔ جنت کی طرف لے جانا

4۔ سورۃ الممتحنہ، آیت نمبر 10

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ

اس آیت کے مطابق مومن مہاجر عورتوں کے مسلمانوں کے پاس پہنچ جانے کے بعد ان کے بارے میں کیا طرزِ عمل اختیار کرنے کا حکم ہے؟

A۔ ان کو واپس کر دیں

B۔ ان کے ایمان کی آزمائش کریں

C۔ ان کا احوال معلوم کریں

D۔ ان کے ماضی کے بارے میں تفتیش کریں

5۔ آیت نمبر 1-2 سورۃ الممتحنہ کی آیت کی روشنی میں بتائیں کہ وہ کون سا طریقہ ہے جس کے ذریعے کفّار مسلمانوں پر با آسانی غلبہ پا سکتے ہیں اور پھر انہیں کافر ہونے پر مجبور بھی کر سکتے ہیں؟

A۔ دوستی کے جال میں پھنسا کر

B۔ اپنے علاقے میں بلا کر

C۔ زبردستی کر کے

D۔ ان کو لالچ دے کر

6۔ ایک حدیث کے مطابق جمعہ کے خطبہ کے دوران کسی بولنے والے کو خاموش کرنے سے بھی منع نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ

A۔ دونوں کی لڑائی نہ ہو جائے۔

B۔ مسجد میں شور نہ ہو۔

C۔ خطبہ سننے میں خلل نہ پڑے۔

D۔ دوسروں کو تکلیف نہ ہو۔

7۔ ایک حدیث کے مطابق جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگنے کی مذمت اس لیے کی گئی ہے تا کہ

A۔ دوسرا راستہ اختیار کیا جائے۔

B۔ مسجد میں جلدی آئیں۔

C۔ کسی دوسرے کو تکلیف نہ ہو۔

D۔ مسجد کے آداب کا خیال رکھا جائے۔

8۔ اِذَا اُقِيۡمَتِ الصَّلٰوۃُ فَلَا تَاتُوۡهَا تَسۡعُوۡنَ وَاۡتُوۡهَا تَمۡشُوۡنَ وَعَلَيۡكُمُ السَّكِيۡنَةُ

اِس حدیث میں اہل ایمان کو تعلیم دی گئی ہے کہ وہ نماز کی طرف آئیں

A۔ دوڑتے ہوئے

B۔ اطمینان سے چل کر

C۔ تیز تیز چل کر

D۔ رک رک کر

9۔ خَيۡرُ النَّاسِ مَنۡ يَّنۡفَعُ النَّاس

اِس حدیث میں يَنۡفَعُ النَّاس سے مراد ہے

A۔ لوگوں کو فائدہ پہنچانا

B۔ لوگوں سے فائدے کی بات کرنا

C۔ لوگوں سے فائدہ حاصل کرنا

D۔ لوگوں کی مدد کرنا

10۔ ”كُلُّكُمۡ رَاعٍ وَكُلُّكُمۡ مَسۡئُوۡلٌ عَنۡ رَّعِيَّتِهٖ۔“

درجِ بالا حدیث میں لفظ ”مَسۡئُوۡلٌ“ کے کیا معنی ہیں؟

A۔ وہ شخص جس سے سوال پوچھا جائے

B۔ وہ شخص جو خاموش رہے

C۔ وہ شخص جو جواب دہ ہے

D۔ وہ شخص جو سوال پوچھے

11۔ درج ذیل میں سے کس نبی (علیہ السلام) نے صبر کی بہترین مثال قائم کی؟

A۔ حضرت یعقوب (علیہ السلام)

B۔ حضرت یونس (علیہ السلام)

C۔ حضرت ایوب (علیہ السلام)

D۔ حضرت ابراہیم (علیہ السلام)

12۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے کیا ضروری ہے؟

A۔ نفس پر قابو پایا جائے

B۔ نعمتوں کا احساس کیا جائے

C۔ مسلسل سجدے کیے جائیں

D۔ نوافل پڑھے جائیں

13۔ اسلام کی اخلاقی تعلیمات میں سے 'نصف ایمان' کس کو کہا گیا ہے؟

A۔ طہارت کو

B۔ عبادت کو

C۔ صداقت کو

D۔ شرافت کو

14۔ "واللّٰہُ یُحِبُّ الْمُطَّھِّرِیْن" اس آیتِ کے مطابق پاک وپاکیزہ شخص کیا حاصل کرے گا؟

A۔ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم

B۔ اللہ تعالیٰ کی محبّت

C۔ اللہ تعالیٰ کی بخشش

D۔ اللہ تعالیٰ کی ہدایت

15۔ اِسلامی شریعت کے مطابق زوجین کا رشتہ بنیاد فراہم کرتا ہے

A۔ علمی زندگی کی

B۔ روحانی زندگی کی

C۔ معاشی زندگی کی

D۔ خاندانی زندگی کی

16۔ ایک مرتبہ عورتوں نے جہاد کی اجازت چاہی تو رسول اللہ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) نے کس امر کو ان کا جہاد قرار دیا؟

A۔ حجِ اکبر

B۔ حجِ بیت اللہ

C۔ حجِ مبرور

D۔ حجِ فرض

براہِ کرم صفحہ الٹیے

17۔ ہجرت کرنے سے ایک مسلمان کو کیا حاصل ہوتا/ ہوتی ہے؟

A۔ مالِ غنیمت

B۔ علم کی فراوانی

C۔ عہدہ و منصب

D۔ اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رحمت

18۔ قومی یکجہتی قائم کرنے کے لیے شہریوں کو کیا کرنا چاہیے؟

A۔ رواداری پیدا کریں

B۔ قومی تہوار جوش و خروش سے منائیں

C۔ شہریت کے فرائض نبھائیں

D۔ دوسری قوموں کا احترام کریں

19۔ اِسلامی تعلیمات کے مطابق دیے گئے تجویز کردہ طریقوں میں سے کون سا حکومت میں تبدیلی لانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟

A۔ انقلاب

B۔ انتخابات

C۔ حکومت پر دباؤ

D۔ عدلیہ کی بالادستی

20۔ پاکستان میں رواداری کے فروغ کے لیے سب سے زیادہ کیا ضروری ہے؟

A۔ اس موضوع کو نصاب کا حصّہ بنانا

B۔ علاقائی ثقافتوں کا فروغ

C۔ قانون کی پابندی

D۔ دیہی علاقوں کا فروغ

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work